ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in

01جولائی2019

آر بی آئی/2019-20/06
ایف آئی ڈی ڈی، سی او، جی ایس ایس ڈی، بی سی نمبر 03/09.09.001/2019-20

سبھی شیڈولڈ کمرشیل بینکوں اور چھوٹے مالیاتی بینکوں کے
چیئرمین اور منیجنگ ڈائریکٹر/سی ای او

محترم جناب/میڈم

## ماسٹر سرکلر- شیڈولڈ کاسٹ (ایس سی) اور شیڈولڈ ٹرائبس (ایس ٹی) کو کریڈٹ سہولیات

برائے مہربانی ماسٹر سرکلر ایف آئی ڈی ڈی، سی او، جی ایس ایس ڈی، بی سی نمبر 06/09.09.001/2017-18 مورخہ 01 جولائی 2017 کا حوالہ دیکھیں، جس میں شیڈولڈ کاسٹ (ایس سی) اور شیڈولڈ ٹرائبس (ایس ٹی) کو بینکوں کے ذریعہ فراہم کرائی جانے والی کریڈٹ سہولیات سے متعلق گائیڈ لائنس/ ہدایات/ ڈائریکشن ہیں۔

2. ماسٹر سرکلر کو مناسب طور سے ہدایات پر عمل آوری کے پیش نظر 30 جون، 2019 کو جاری کر دیا گیا ہے اور اس کو ویب سائٹ https://www.rbi.org.in پر ڈاؤن لوڈ بھی کر دیا گیا ہے۔

آپ کا مخلص

(سونالی سین گپتا)
چیف جنرل منیجر

# ماسٹر سرکلر۔شیڈولڈ کاسٹ (ایس سی) اور شیڈ ولڈ ٹرائبس (ایس ٹی) کیلئے کریڈٹ کی سہولت

ایس سی/ایس ٹی کو ایڈوانس دینے کیلئے بینکوں کو حسب ذیل پیمانوں پر عمل پیرا ہونا ہوگا۔

## 1. منصوبہ بندی کا طریقہ کار

1.1 لیڈ بینک اسکیم کے تحت قائم ضلع سطحی مشاورتی کمیٹی اس سلسلہ میں بینکوں اور ڈیولپمنٹ ایجنسیوں کے درمیان معاونت کے اہم میکانزم پر عمل کرے گی۔

1.2 لیڈ بینکوں کے ذریعہ قائم کردہ ضلع کریڈٹ پلان کو واضح طور پر یہ اشارہ کرنا ہوگا کہ امپلائمنٹ اور ڈیولپمنٹ اسکیموں میں کریڈٹ لنکج کرنا ہوگا۔

1.3 بینکوں کو ضلع صنعتی مراکز سے نزدیکی رابطہ قائم کرنا ہوگا تا کہ مختلف اضلاع میں خود کے روزگار کے مواقع پیدا کر کے خود کے روزگار کو فروغ دیا جا سکے۔

1.4 بلاک سطح پر منصوبہ بندی کے عمل میں شیڈ ولڈ کاسٹس/شیڈ ولڈ ٹرائبس کو مخصوص رعایت دی جا سکے۔ کریڈٹ پلاننگ کے مطابق شیڈ ولڈ کاسٹس/شیڈ ولڈ ٹرائبس اور خصوصی بینک اسکیموں میں ان طبقات کے اراکین کو رعایت دینا ہوگی تا کہ وہ ان اسکیموں میں حصہ داری کو یقینی بنائیں اور ان کے خود کے روزگار کیلئے بڑے پیمانے پر کریڈٹ فلو انجام دیا جا سکے۔ بنکوں کے لئے یہ لازمی ہوگا کہ وہ ان طبقات کی قرض تجاویز پر سمجھداری سے غور کریں۔

1.5 بینک کو اپنے قرض کے طریقہ کار کا مرحلہ وار جائزہ لینا ہوگا اور اپنی پالیسی پر غور کرنا ہوگا کہ قرض کی منظوری بروقت ہو اور مناسب پروڈکشن پر منحصر اور اس سے اضافی آمدنی پیدا ہو تا کہ وہ خود کی لکوڈٹی کے لائق بن سکیں۔

1.6 جب محدود لیکن با اثر طور پر گاؤں کو قرض کیلئے گود لیا جائے تو ان گاؤں کا انتخاب کیا جائے، جہاں ان طبقات کی خصوصی آبادی ہو مخصوص بستی کو گود لینے کا متبادل متعلقہ گاؤں یہ ہے کہ وہاں کی متعلقہ آبادی کو بھی اس دائرہ میں لایا جائے۔

## 2. بینکوں کا کردار

2.1 بینک عملہ کو غریب قرض کے طلبگاروں کو فارم پر کرنے اور دیگر ضروریات کی تکمیل میں مدد کرنا چاہئے تا کہ وہ اس لائق ہو جائیں کہ درخواست منظور کرنے کی تاریخ سے مناسب مدت میں کریڈٹ حاصل ہو جائے۔

2.2 ایس سی/ایس ٹی قرض خواہوں کی کریڈٹ سہولت حاصل کرنے کے لئے حوصلہ افزائی کی جائے، بینکوں کے ذریعہ چلائی جارہی مختلف اسکیموں کے تعلق سے انہیں بیدار کیا جائے۔ اہل قرض خواہوں کی اکثریت میں ناخواندہ افراد زیادہ ہوتے ہیں، اس لئے اس کی تشہیر کتابچہ، دیگر لٹریچر وغیرہ کے ذریعہ کرائی جائے کیونکہ فائدہ اٹھانے کا دائرہ محدود ہوگا۔ زیادہ کارآمد طریقہ یہ ہوگا کہ بینک کے فیلڈ اسٹاف اس طرح کے قرض کے طلبگاروں سے رابطہ قائم کریں اور انہیں اسکیم کے متعلق معلومات فراہم کرائیں تا کہ انہیں اس سہولت کا فائدہ حاصل ہو۔ بینکوں کو یہ مشورہ کہ وہ اپنی شاخوں پر میٹنگوں کا انعقاد کر کے ایس سی/ایس ٹی مستفیدین کو زیادہ وسیع پیمانہ پر اپنی کریڈٹ ضرورت کو سمجھ سکیں اور اس کریڈٹ منصوبہ میں انہیں شامل کریں۔

2.3 آر بی آئی/نابارڈ کے ذریعہ جاری کردہ سرکلر ایسے عملہ میں عمل آوری کیلئے تقسیم کرائیں

2.4 بینک اس وقت ڈپازٹ کیلئے دباؤ نہیں ڈالیں گے، جب تک حکومت کے ذریعہ چلائی جارہی انسداد غریبی اسکیم/خود کا روزگار پروگرام کے تعلق سے قرض کے طلبگار ایس سی/ایس ٹی کی قرض سے متعلق درخواستیں زیر غور ہوں۔ اس بات کو بھی یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ ری پیمنٹ نہ ہو جائے۔ سبسڈی کی ریلیز نہ ہونے والی رقم فائننسنگ کے تحت اور املاک کی وضع کاری/آمدنی کی پیداوار میں حائل رکاوٹیں دور نہ کر لی جائیں۔

2.5 قومی شیڈ ولڈ ٹرائبس مالیاتی اور ڈیولپمنٹ کارپوریشن اور قومی شیڈ ولڈ کاسٹس مالیاتی اور ڈیولپمنٹ کارپوریشن وزارت قبائل امور اور وزارت سوشل جسٹس اور تفویض اختیارات سے انتظامی کنٹرول قائم نہیں ہو جاتا۔ بینکوں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنی شاخوں/کنٹرولنگ دفاتر کو بھی لازمی ادارہ جاتی معاونت فراہم کرائیں تا کہ مطلوبہ اہداف کی حصولیابی ممکن ہو۔

2.6 ایس سی/ایس ٹی کیلئے ریاستی سطحی تنظیموں کو ایڈوانس کی منظوری جو کہ آرٹسٹ، دیہی اور کاٹیج انڈسٹریز کے مستفیدین کے لئے ان پٹ کی خریداری اور سپلائی/ریا آؤٹ پٹس کی مارکیٹنگ میں صرف ہوگا۔ دفتر کی منظوری کو بطور ترجیحی زمرہ ایڈوانس قرار دیا جائے گا۔ صورتحال پر منحصر ہوگا کہ ایڈوانس کا وسیع پیمانہ

استعمال ان تنظیموں کے مستفیدین ان پٹس کی خریداری اور سپلائی اور/ یا آؤٹ پٹس کی مارکیٹنگ کے لئے کرتے ہیں۔

2.7 ایس سی/ایس ٹی کی قرض کیلئے پیش کردہ درخواستوں کو مسترد کرنے کا فیصلہ برانچ کی سطح کے بجائے اعلی سطح سے کیا جائے گا اور درخواست مسترد کرنے کی وجہ واضح طور پر بتائی جائے گی۔

### 3. ایس سی/ ایس ٹی ڈیولپمنٹ کارپوریشنوں کے کردار

حکومت ہند نے سبھی ریاستی حکومتوں کو مشورہ دیا ہے کہ شیڈولڈ کاسٹ/شیڈولڈ ٹرائبس ڈیولپمنٹ کارپوریشن بینک کی اسکیموں/بینک فائننس کی تجاویز پر غور کریں۔ اجتماعی سیکورٹی اور تیسرے فریق کی گارنٹی برائے قرض کے تعلق سے گائیڈ لائنس کا بینکوں کو اجراء کیا گیا ہے۔ اس کا اطلاق بھی ترجیحی زمرہ کی لینڈنگ پر ہوگا۔

### ریزرویشن برائے ایس سی/ ایس ٹی مستفیدین اہم مرکزیت والی اسکیم

بہت سی اہم مرکزیت والی اسکیمیں بھی جن کے تحت بینکوں کے ذریعہ کریڈٹ کی فراہمی ہوتی ہے اور سرکاری ایجنسیوں کے ذریعہ سبسیڈی منظور کی جاتی ہے۔ ان اسکیموں کے تحت کریڈٹ کے فلو کی نگرانی آر بی آئی کے ذریعہ کی جاتی ہے۔ ہر ایک اسکیم کے تحت ایک مخصوص ریزرویشن/رعایت ایس سی/ایس ٹی طبقات کے افراد کیلئے ہوتی ہے۔

### (i) دین دیال، انتیودے یوجنا، قومی دیہی گزارہ مشن

وزارت برائے دیہی ترقیات، حکومت ہند نے دین دیال انتیودے یوجنا، قومی دیہی گزارہ مشن (ڈے۔ این یو ایل ایم) لانچ کی ہے جو کہ سورن جینتی شہری روزگار، یوجنا (ایس جے ایس آر وائی) سے اسے دوبارہ ترتیب دیا گیا ہے، جو کہ یکم اپریل 2013 موثر ہے، ڈے۔ این یو ایل ایم کے تحت ایڈوانس کی توسیع ایس سی/ ایس ٹی کو ان کی مقامی 50 % آبادی کے مطابق ہوگی۔ اسکیم کی تفصیل ڈے۔ این یو ایل ایم کے ماسٹر سرکلر FIDD.GSSD.CO.BC.No.01/09.16.13/2019-20 مورخہ 01 جولائی 2019) پر فراہم ہے۔

### (ii) دین دیال اپادھیائے یوجنا۔ قومی شہری گزارہ مشن

وزارت برائے ہاؤسنگ اور دیہی امور (ایم او ایچ یو اے) حکومت ہند دین دیال انتیودے یوجنا۔ قومی شہری گزارہ مشن (ڈے۔ این یو ایل ایم) کو دوبارہ ترتیب دے کر سورن جینتی شہری روزگار یوجنا (ایس جے ایس آر وائی) 24 ستمبر 2013 سے ڈے۔ این یو ایل ایم کے تحت موثر کی گئی ہے ایس سی/ایس ٹی کو ایڈوانس کی توسیع مقامی آبادی میں ان کی تعداد کے مطابق ہوگی۔ اسکیم کی تفصیل ڈے۔ این یو ایل ایم کے ماسٹر سرکلر (ایف آئی ڈی ڈی، جی ایس ایس ڈی، سی او، بی سی، نمبر 01/09.16.03/2019-20 مورخہ 01 جولائی 2019) میں فراہم ہے۔

### (iii) شرح سود میں تفریق

ڈی آر آئی اسکیم کے تحت بینک روپے 15,000 تک رعایتی شرح سود پر 4 فیصد سالانہ ان طبقات کے مثبت سرگرمیوں اور فائدہ کاموں میں مصروف کمزور افراد اور کو فراہم کرائے جائیں گے۔ اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ مذکورہ افراد ایس سی/ایس ٹی سے متعلق ہوں اور انہیں شرح سود میں تفریق (ڈی آر آئی) اسکیم کی ہی بنیاد پر ملے۔ بینکوں کو یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اہل قرض خواہوں کو جن کا تعلق ایس سی/ایس ٹی سے ہو، اس طرح کے ایڈوانس میں توسیع 2/5 (40 فیصد) مجموعی ڈی آر آئی ایڈوانس سے کم نہ کریں۔ نہ ہو، یہ کہ اہل زمرہ کا ڈی آر آئی کے تحت تعین مین کی بنیاد پر 1 ایکڑ آبپاشی زمین سے زائد نہیں ہونا چاہئے اور 2.5 ایکڑ غیر آبپاشی مین پر ایس سی/ایس ٹی طبقہ کے ممبران یہ اسکیم نافذ ہوگی۔ جو ایس سی/ایس ٹی کے ممبران اسکیم کی آمدنی پیمانہ کے متعلق تسلی بخش جواب دیں گے۔ انہیں بھی ہاؤسنگ لون روپے 20,000 فی سبسیڈی مہیا کرایا جاسکے گا اور ذاتی لون روپے 15,000 کے بھی وہ اس اسکیم کے تحت حقدار ہوں گے۔

### 5. کریڈٹ اضافہ گارنٹی اسکیم برائے شیڈولڈ کاسٹس (سی ای جی ایس سی)

سی ای جی ایس ایس سی کا اہتمام وزارت سماجی انصاف اور تفویض اختیارات نے 6 مئی 2015 کو شیڈولڈ کاسٹ کے لوگوں میں انٹر پرینرشپ کے فروغ کے

مقصد سے کیا۔ کریڈٹ اضافہ گارنٹی اسکیم کو لینڈنگ اداروں (ایم ایل آئی) انہیں فراہم کرایا جو افراد اس انٹر پر یز شپ کے ذریعہ مالی مدد حاصل کر رہے تھے۔ آے ی ایف سی آئی لمیٹڈ نے اس اسکیم کے تحت نوڈل ایجنسی قائم کی جو ایم ایل آئی کے حق گارنٹی کور جاری کرے گی۔ ان افراد کی حوصلہ افزائی ایس سی انٹر پر یز کو مالی مدد دے کر حاشیہ پر موجود معاشرہ کی مہم کیا جا سکے گا۔

**اھلیت**: رجسٹرڈ کمپنیوں اور سوسائٹیوں/ رجسٹرڈ شراکت والی فرموں/ واحد پروپرائٹر شپ فرموں/ تنہا سماجی انڈسٹریز کو 51% سے زائد شیئر ہولڈنگ/ ایس سی انٹر پر یزس/ پر موٹرس/ ممبران بشمول منیجمنٹ کنٹرول گزشتہ 6 ماہ سے رکھنا ہوں گی، وہی آئی ایف سی آئی لمیٹڈ سے گارنٹی کی اہل ہوں گی۔ انہیں ہی ایم این آئی بینک/ ادارہ سے قرض میں توسیع کی اجازت ہوگی۔

سی ای جی ایس ایس سی کے تحت گارنٹی رقم کور۔ کم از کم روپے 0.15 کروڑ اور زیادہ سے زیادہ روپے 5.00 کروڑ۔ گارنٹی کی مدت۔ زیادہ سے زیادہ 7 سال یا ری پیمنٹ کی مدت جو پہلے ہو۔

## 6. نگرانی اور جائزہ

6.1 بینکوں کے صدر دفتر میں ایک خصوصی سیل قائم کرنا ہوگی تا کہ ایس سی/ ایس ٹی مستفیدین کو کریڈٹ فلو کی نگرانی کی جائے۔ آر بی آئی گائیڈ لائنس کے نفاذ کو یقینی بنانے کے علاوہ مذکورہ سیل متعلقہ اطلاعات/ شاخوں سے ڈاٹا کی فراہمی کی جمع کاری کیلئے بھی ذمہ دار ہوگا۔۔ اسی کے ساتھ وہ آر بی آئی اور حکومت ریٹرن کی رسید کو جمع کرنے میں بھی مستحکم ہوگا۔

6.2 ایس ایل بی ایس کنو یز بینک قومی کمیشن برائے ایس سی/ ایس ٹی نمائندگان کو ایس ایل بی سی کی میٹنگوں میں شرکت اپنے مدعو کرنا ہوگا۔۔ اس کے علاوہ کنو یز بینک قومی شیڈولڈ کاسٹ اور شیڈ ولڈ ٹرائبس مالیاتی کمیشن اور ڈیولپمنٹ کارپوریشن (این ایس ایف ڈی سی) اور ریاستی شیڈ ولڈ کاسٹ اور شیڈ ولڈ ٹرائبس مالیاتی اور ڈیو لپمنٹ کارپوریشن (این ایس ایف ڈی سی) کے اراکین کو بھی ایس ایل بی سی میٹنگوں میں شرکت کیلئے مدعو کرنا ہوگا۔

6.3 سہ ماہی جائزہ بینکوں کے صدر دفتر کی جانب سے ایس سی/ ایس ٹی کے کریڈٹ توسیع کے متعلق ریٹرن کی بنیاد اور دیگر ڈاٹا جو شاخوں کی جانب موصول ہوگا لینا ہوگا۔

6.4 بینک کو ایس سی ایس ٹی قرض خواہوں کو سہ ماہی کی بنیاد پر کریڈٹ فلو میں اضافہ کیلئے اختیار کئے گئے پیمانوں کا جائزہ لینا ہوگا۔ جائزہ میں اس بات کو بھی شامل کیا جائے گا۔ ان طبقات میں بہتری براہ راست قرض دینے یا ریاست سطحی شیڈولڈ کاسٹ/ شیڈ ولڈ ٹرائبس کارپوریشن کے ذریعہ مختلف مجوزہ اسکیموں کی بنیاد پر آئی اس کے علاوہ صدر دفتر/ کنٹرولنگ دفاتر کے سینئر افسران کو موقع کا معائنہ کرنا چاہئے۔ کوئی براوقفہ یا سال در سال ایس سی/ ایس ٹی کے کریڈٹ فلو میں آنے والی کمی بیشی کی رپورٹ بنک کے بورڈ کو کرنا ہوگی تا کہ اس صورتحال کا جائزہ مالیاتی نتائج کے نکتہ کی بنیاد پر سرکلر ڈی بی آر نمبر بی سی۔ 93/29.67.001/2014-15 مورخہ 14 مئی 2015 کی روشنی میں کیا جا سکے۔

## 7. رپورٹنگ کی ضرورت

ایس سی اور ایس ٹی کے متعلق ایڈوانس ڈالنے کی رپورٹنگ مشورہ ماسٹر ڈائریکشن ترجیحی زمرہ کی لینڈنگ کے تحت ماسٹر ڈائریکشن ایف آئی ڈی ڈی، سی او پلان7 1/04.09.01/2016 مورخہ 07 جولائی 2016 اور 04 دسمبر 2018 تک اپ ڈیٹ ہے، بینکوں کو صلاح دی جاتی ہے، اسے وقت کے مطابق ہی جمع کریں۔ چھوٹے مالیاتی بینک کیلئے ایک نوٹیفکیشن ہماری ویب سائٹ ایف آئی ڈی ڈی، سی او، ایس ایف بی، نمبر۔ 9/04.09.001/2017-18 مورخہ 6 جولائی 2017 پر فراہم ہے۔

# شیڈولڈ کاسٹس / شیڈولڈ ٹرائبس کو کریڈٹ کی سہولت

# ماسٹر سرکلر میں شامل سرکلروں کی فہرست

| موضوع | تاریخ | سرکلر نمبر | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| روزگار کو فروغ دینے میں بینکوں کا کردار | 12.12.78 | ڈی بی او ڈی نمبر بی پی بی سی۔ 172/C.464(R)-78 | .1 |
| چھوٹے اور حاشیہ پر رہنے والے کسانوں کو زرعی کریڈٹ | 09.01.79 | ڈی بی او ڈی نمبر بی پی، بی سی۔ 8/C.453(K)-Gen | .2 |
| ایس سی / ایس ٹی کو کریڈٹ کی سہولت | 14.04.81 | ڈی بی او ڈی نمبر بی پی، بی سی۔ 45/C.469(86)-81 | .3 |
| شیڈولڈ کاسٹ کی ترقی کیلئے خودکار گروپ کی سفارشات | 22.10.81 | ڈی بی او ڈی نمبر بی پی، بی سی۔ 132/C.594-81 | .4 |
| کریڈٹ سہولت برائے ایس سی / ایس ٹی | 10.09.82 | آر پی سی ڈی، نمبر پی ایس، بی سی۔ 2/C.594-82 | .5 |
| ایس سی / ایس ٹی ترقیات کارپوریشن کو رعایتی بینک فائنانس | 05.11.82 | آر پی سی ڈی، نمبر پی ایس، بی سی۔ 9/C.594-82 | .6 |
| ایس سی / ایس ٹی کو کریڈٹ کی سہولت | 22.08.83 | آر پی سی ڈی، نمبر پی ایس، بی سی۔ 4/C.594-83 | .7 |
| ایس سی / ایس ٹی کو کریڈٹ کی سہولت | 21.11.83 | آر پی سی ڈی، نمبر پی ایس، بی سی۔ 1777/C.594-83 | .8 |
| ایس سی / ایس ٹی کو کریڈٹ کی سہولت | 23.11.83 | آر پی سی ڈی، نمبر پی ایس، بی سی۔ 1814/C.594-83 | .9 |
| ایس سی / ایس ٹی کو کریڈٹ کی سہولت۔ قرض کی درخواستوں کی منسوخی | 24.01.84 | آر پی سی ڈی، نمبر پی ایس، بی سی۔ 20/C.568(A)-84 | .10 |
| ایس سی / ایس ٹی کو قرض کی فراہمی میں نجی زمروں کے بینکوں کا کردار | 15.04.85 | آر پی سی ڈی، نمبر سی او این ایف ایس۔ 274/PB-1-84/85 | .11 |
| ایس سی / ایس ٹی کو قرض کی فراہمی میں نجی زمروں کے بینکوں کا کردار۔ بینکوں کے ذریعہ ایس سی / ایس ٹی پر ڈپازٹ کیلئے زور | 24.07.85 | آر پی سی ڈی، نمبر سی او این ایف ایس۔ 62/PB-1-85/86 | .12 |
| ڈی آر آئی اسکیم کے تحت شیڈولڈ ٹرائبس کو کریڈٹ کی سہولت | 09.10.85 | آر پی سی ڈی، نمبر ایس پی، بی سی۔ 22/C.453(U)-85 | 13 |
| ایس سی / ایس ٹی کو کریڈٹ کی سہولت | 31.07.87 | آر پی سی ڈی، نمبر ایس پی، بی سی۔ 376/C.594-87/88 | .14 |
| قومی ایس سی / ایس ٹی مالیاتی اور ترقیاتی کارپوریشن | 28.06.89 | آر پی سی ڈی، نمبر ایس پی، بی سی۔ 129/C.594(Spl)/88-89 | .15 |
| شیڈولڈ کاسٹ ڈیولپمنٹ کارپوریشن یونٹ کاسٹ کے تعلق سے ہدایت | 25.10.89 | آر پی سی ڈی، نمبر ایس پی، بی سی۔ 50/C.594/89/90 | .16 |
| ایس سی / ایس ٹی کو کریڈٹ کی سہولت | 16.05.90 | آر پی سی ڈی، نمبر ایس پی، بی سی۔ 107/C.594-89/90 | .17 |
| شیڈولڈ کاسٹ اور شیڈولڈ ٹرائبس کو کریڈٹ سہولت۔ جائزہ سروے | 04.12.90 | آر پی سی ڈی، نمبر ایس پی، بی سی۔ 1005/C.594-90/91 | .18 |
| شیڈولڈ کاسٹ ڈیولپمنٹ کارپوریشن (ایس سی ڈی سی) یونٹ پر ہدایات | 13.03.91 | آر پی سی ڈی، نمبر ایس پی، بی سی۔ 93/C.594-MMS-90/91 | .19 |
| ایس سی / ایس ٹی کو ہاؤسنگ قرض۔ ڈی آر آئی کی اسکیم کی تحت | 14.05.91 | آر پی سی ڈی، نمبر ایس پی، بی سی۔ 122/C.453(U)-90-91 | .20 |
| ترجیحی زمروں کے ایڈوانس ہاؤسنگ لون | 27.05.93 | آر پی سی ڈی، نمبر ایس پی، بی سی۔ 118/C.453(U)-92/93 | .21 |
| قومی کمیشن برائے ایس سی / ایس ٹی ریاستی سطحی بینکرس کمیٹی / ایس ایل بی سی) شمولیت | 16.12.96 | آر پی سی ڈی، نمبر ایل بی ایس، بی سی۔ 86/02.01.01/92/93 | .22 |
| ایس سی / ایس ٹی کی بہبود کیلئے پارلیمنٹری کمیٹی | 15.04.97 | آر پی سی ڈی، نمبر ایس پی، بی سی۔ 124/09.09.01/96-97 | .23 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| .24 | آر پی سی ڈی، نمبر ایس اے اے بی 67/08.01.00/98-99 | 11.02.99 | ایس سی/ایس ٹی کو کریڈٹ کی سہولت |
| .25 | آر پی سی ڈی، نمبر ایس پی بی سی 51/09.09.01/2002-03 | 04.12.02 | ایس سی اور ایس ٹی کے فروغ میں مالیاتی اداروں کے کردار پر پیش رفت سے متعلق ورکشاپ |
| .26 | آر پی سی ڈی، نمبر ایس پی بی سی 84/09.09.01/2002-03 | 09.04.03 | ماسٹر سرکلر میں ترمیم |
| .27 | آر پی سی ڈی، نمبر ایس پی بی سی 100/09.09.01/2002-03 | 04.06.03 | رپورٹنگ سسٹم میں تبدیلی |
| .28 | آر پی سی ڈی، نمبر ایس پی بی سی 102/09.09.01/2002-03 | 23.06.93 | ایس سی اور ایس ٹی کی اہم فنڈنگ میں کریڈٹ فلو کا جائزہ لینے کیلئے سیمپل اسٹڈی |
| .29 | آر پی سی ڈی، نمبر ایس پی بی سی 49/09.09.01/2007-08 | 19.02.08 | ایس سی/ایس ٹی کو کریڈٹ سہولت ترمیم شدہ۔انیگزر |
| .30 | آر پی سی ڈی، جی ایس ایس ڈی، بی سی نمبر۔ 81/09.01.03/2012-13 | 27.06.13 | قومی دیہی روزی روٹی مشن (این آر ایل ایم) کی بطور ایس جی ایس وائی ری اسٹرکچرنگ |
| .31 | آر پی سی ڈی، جی ایس ایس ڈی، بی سی نمبر۔ 26/09.16.03/2014-15 | 14.08.14 | سرون جیوتی شہری روزگار یوجنا (ایس جے ایس آر وائی) کے بطور قومی دیہی روزی روٹی مشن ری اسٹرکچرنگ |
| .32 | ایف آئی ڈی ڈی، سی او جی ایس ایس ڈی، بی سی نمبر 06/09.09.001/2017-18 | 01.07.2017 | شیڈولڈ کاسٹس (ایس سی) اور شیڈولڈ ٹرائبس (ایس ٹی) کو کریڈٹ کی سہولت |